DAILY
TALOO-E-PAKISTAN
ISLAMABAD

روزنامہ

طلوعِ پاکستان

اسلام آباد

بانی: رانا سلطان احمد

سرپرستِ اعلیٰ: کامران بشیر گورسی

چیف ایڈیٹر: بدر منیر چوہدری

چیف ایگزیکٹو: عمران اسحاق گورسی

جلد نمبر 03	منگل 3 رمضان المبارک 1446ھ 4 مارچ 2025، 19 پھاگن، صفحات 4 قیمت 15 روپے	شمارہ نمبر 311

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ریجنل ہیڈ محتسب سکھر سید محمود علی شاہ نے سرکٹ ہاؤس لاڑکانہ میں وفاقی محکموں کے خلاف شکایات کی سماعت کی

لاڑکانہ (رپورٹ اخلاق قریشی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر ریجنل ہیڈ محتسب سکھر سید محمود علی شاہ نے سرکٹ ہاؤس لاڑکانہ میں وفاقی محکموں کے خلاف شکایات کی سماعت کی جس میں ریونیو آفیسر سیپکو لاڑکانہ، شاہ؟ مراد ریونیو آفیسر لاڑکانہ، سئی سدرن گیس کے ڈپٹی مئن؟ جر سعید احمد کوریج اور سید مظہر شاہ اور دیگر بھی موجود تھے جہاں سیپکو اور گیس کے خلاف درخواست گزار بھی پیش ہوئے اور اپنے مسائل بتائے جن میں اوور ریڈنگ اور کٹوتی کی شکایات کی گئیں، ریجنل ہیڈ سید محمود علی شاہ نے موصول ہونے والی 115 شکایات کا جائزہ لیا جس میں سوئی گیس کے خلاف 55 اور سیپکو کے خلاف 60 شکایات پیش کی گئیں، اس موقع پر سیپکو کی 60 میں سے 50 شکایات کا فیصلہ کیا گیا اور 10 کو نیپرا کو بھجوا دیا گیا۔ جبکہ سوئی گیس کی 55 شکایات کی سماعت کی گئی اور ان تمام پر فیصلہ سنایا گیا جبکہ سیپکو اور سوئی گیس نے حکام کو سختی سے ہدایات جاری کیں کہ 30 دن کے اندر ان کے اوور بلنگ میں کمی کر کے ان کے جائز مسائل کو حل کیا جائے۔ وفاقی محتسب غریب عوام کو فوری انصاف فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے سیپکو حکام کو اوور ریڈنگ کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے کی بھی ہدایت کی۔